# CCE RR

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003
**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

**ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜೂನ್,2017**

**S. S. L. C. EXAMINATION, JUNE, 2017**

## ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

## MODEL ANSWERS

ದಿನಾಂಕ : 22. 06. 2017] | ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**
Date : 22. 06. 2017] | **Code No. : 66-U**

## ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

## Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80

[ Max. Marks : 80

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ -الف** | |
| 10 × 1 = 10 | ایک جملے کے جوابات : | |
| 1 | شفیع الامم سے مُراد حضرت محمدؐ ہیں۔ | .1 |
| 1 | حسن گنگو بہمنی کا مقبرہ حسن گنگو کے فرزند محمد شاہ نے تعمیر کیا۔ | .2 |
| 1 | چاند نے علم کو آفتاب قرار دیا۔ | .3 |
| 1 | سید احمد شاکؔر کے مطابق ہمارے آپسی جھگڑے ہمیں بدنام کرتے ہیں۔ | .4 |
| 1 | غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے۔ | .5 |
| 1 | مولانا محمد علی جوہؔر کو ''رئیس الاحرار'' کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔ | .6 |
| 1 | مُلّا نصیر الدین اکثر اپنے علم کی شیخی بگھارتا تھا، اس لئے عالم دوست اُس کے علم کو آزمانا چاہتا تھا۔ | .7 |
| 1 | ''کسان'' نظم کے شاعر حمید الماسؔ ہیں۔ | .8 |
| 1 | اندھیرے میں آنے والے لوگ بھی انہی کی طرح بدکردار اور غدار قسم کے لوگ تھے۔ اس لئے غول بیابانی نے ایسا کہا۔ | .9 |
| 1 | چار مصرعوں پر مشتمل نظم کو 'رباعی' کہتے ہیں۔ | .10 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 10 × 2 = 20 | دو یا تین جملوں کے جوابات : | |
| 1 | (i) عرش × فرش | .11 |
| 1 | (ii) خارج × داخل | |
| 1 | بسویشور کا مندر لنگایتوں کی اہم زیارت گاہ ہے۔ | .12 |
| 1 | ہر سال یہاں 15 دن کے لئے ایک میلہ لگتا ہے۔ جس میں لاکھوں یاتری شریک ہوتے ہیں۔ | |
| 1 | شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیام ایک ماہرِ علم ریاضی تھے۔ | .13 |
| 1 | علمِ طب میں بھی عمر خیام کو کافی مہارت حاصل تھی۔ یہ علمِ ہئیت کے امام تھے۔ | |
| 1 | ہمیں جذبات کے دھارے میں اس لئے بہنا نہیں چاہیئے کیونکہ ہمیں اسی زمین پر جینا اور مرنا ہے۔ | .14 |
| 1 | پانی میں رہ کر مگر مچھ سے بیر نہیں لے سکتے۔ اس لئے ہمیں ہر قوم اور مذہب والوں کے ساتھ مل جل کر رہنا ہے۔ | |
| 1 | نانو ٹکنالوجی کی مدد سے کینسر کا پتہ ابتدائی مرحلے میں لگا سکتے ہیں۔ | .15 |
| 1 | نانو ٹکنالوجی کی مدد سے کیموتھروپی کا استعمال سارے جسم کی بجائے مخصوص کینسر کے خلیوں پر کر سکتے ہیں۔ اس طرح کینسر پر قابو پا سکتے ہیں۔ | |
| 1 | جانور الگ الگ چرنے کے باوجود ایک جگہ مل بیٹھ کر جگالی کرتے ہیں۔ | .16 |
| 1 | مگر جوں ہی انسان کا پیٹ بھر جاتا ہے وہ ایک دوسرے سے فوراً الگ ہو جاتے ہیں۔ | |
| 1 | مولانا محمد علی جوہؔر کے انگریزی اخبار کا نام کامریڈ تھا۔ | .17 |
| 1 | اُن کے اُردو اخبار کا نام ہمدرد تھا۔ | |
| 1 | ملک کی ترقی میں کسان اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اپنی محنت سے بنجر زمین کو کاشت کے قابل بناتا ہے۔ | .18 |
| 1 | سب کا پیٹ بھرتا ہے۔ ملک کو قحط اور بھوک سے نجات دلاتا ہے۔ | |
| 1 | پورنیا کو اپنے سلطان اب بھی عزیز تھے۔ وہ ٹیپو سلطان سے غداری کرنا نہیں چاہتا تھا، مگر وہ غداری کی راہ پر اتنی دور آ چکا تھا کہ وہاں سے لوٹنا ناممکن تھا۔ | .19 |
| 1 | اس لئے وہ ایک خاموش تماشائی بن کر رہنا چاہتا تھا۔ | |
| 1 | جب اکبر الہ آبادی نے دیکھا کہ اس دنیا میں اِن کا کوئی اپنا نہیں تو انہیں خود سے بیزارگی ہونے لگی۔ | .20 |
| 1 | اب انہیں خود کی بھی پرواہ نہ تھی۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | تین چار جملوں کے جوابات : | 5 × 3 = 15 |
| | بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت : | |
| .21 | یہ جملہ انوار اُردو میں شامل مجتبیٰ حسین کے لکھے سفر نامہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | جاپان کے سفر کے دوران مصنف جاپانیوں سے بہت متاثر ہوئے۔ | 1 |
| | جاپان میں جگہ کی قلت اور جاپانیوں کے بلند کردار کے پیشِ نظر انہوں نے یہ جملہ لکھا۔ | 1 |
| .22 | یہ جملہ انوار اُردو میں شامل ڈاکٹر وحید انجم کے لکھے خاکہ ''جہانِ علم وفن کا راہی - پروفیسر راہیؔ قریشی'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | پروفیسر راہیؔ سے پہلی ملاقات کے وقت وحید انجم اور اُن کے دوست نے اپنے کلام کی اصلاح چاہی اُس وقت راہیؔ صاحب نے اُن سے پوچھا کہ تم جدید نظمیں کہتے ہو یا غزل۔ | 1 |
| | وحید انجم نے کہا غزل تو پروفیسر راہیؔ نے مزاح کے طور پر یہ جملہ کہا۔ | 1 |
| | اشعار کی تشریح : | |
| .23 | یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔اس شعر میں میر تقی میرؔ اپنے محبوب سے مخاطب ہیں، کہتے ہیں | 1 |
| | میں ہمیشہ تمہارے تصوّر میں کھویا رہتا ہوں۔ | 1 |
| | کیا کبھی تم میرے تصوّر میں کھوئے رہتے ہو ؟ | 1 |
| .24 | یہ شعر ڈاکٹر بشیر بدرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔اس شعر میں شاعر کہتا ہے | 1 |
| | جب سے میں زندگی کی راہ پر چل پڑا ہوں میری نظر اپنی منزل پر ٹکی ہے۔ | 1 |
| | میری آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر کی تلاش نہیں کی۔یعنی کسی رہنما کو تلاش نہیں کیا۔ | 1 |
| | **ذیل میں کسی ایک کا تعارف:** | |
| .25 | (i) **علامہ محمد اقبالؔ :** | |
| | نام : محمد اقبال۔ تخلص-اقبال<br>پیدائش : 9 نومبر 1877ء سیالکوٹ<br>تعلیمی قابلیت : فلسفہ اور وکالت کی ڈگریاں لندن سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری، جرمن سے داغؔ دہلوی سے کلام کی اصلاح لی۔ | 1 |
| | ادبی مقام : بچوں کے لئے کئی نظمیں لکھیں، شاعر اور فلسفی۔<br>مجموعہ کلام : بانگ درا، بالِ جبرئیل، ضربِ کلیم، اور ارمغان حجاز۔ | 1 |
| | وفات : 21 اپریل 1938ء | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | (ii) **کرشن چندر:** | |
| | نام و پیدائش : کرشن چندر، 19 نومبر 1913ء، کشمیر | |
| | خدمات : وکالت، مدرسی، آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستگی | 1 |
| | ادبی مقام : افسانہ نگار، ناول نویس | |
| | تصانیف : ان داتا، ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست، حسینوں کا شہر۔ | 1 |
| | وفات : 1977ء ممبئی۔ | 1 |
| | **تفصیلی جوابات :** | 2 × 4 = 8 |
| 26. | حضرت عائشہؓ بڑی فیاض اور سخی تھیں۔ | 1 |
| | ایک مرتبہ ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیا۔ | 1 |
| | حضرت امیر معاویہؓ نے جب ایک لاکھ درہم حضرت عائشہؓ کی خدمت میں بھجوائے شام تک آپؓ نے یہ پوری رقم غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم فرمادی۔ | 1 |
| | اس وقت حضرت عائشہؓ روزہ سے تھیں، باوجود اس کے آپؓ نے افطاری کی کچھ فکر نہ کی۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | ایک دن مُلّا نصیرالدین کچھ دوستوں کے درمیان بیٹھا گپ ہانک رہا تھا۔ | 1 |
| | کہنے لگا ''مہمانوں کی جو خاطر تواضع ہم کرتے ہیں، کوئی کیا کرے گا۔'' اسی وقت ایک دوست فوراً بول اُٹھا ''تو آج رات کا کھانا مُلّا صاحب کے یہاں ہوگا۔'' | 1 |
| | ناچار مُلّا کو راضی ہونا پڑا۔ سب کو گھر کی طرف لے گیا۔ دوستو کو باہر ٹھہرا کر گھر گیا۔ | 1 |
| | بیوی کو حالات سے واقف کر دیا۔ بیوی حال سُنتے ہی آگ بگولہ ہوئی۔ میاں کو گھر میں چھپے بیٹھنے کی تاکید کر کے حالات کا مقابلہ کرنے باہر چلی گئی۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 27. | حمد کے کوئی چار اشعار : | 4 |

اے ساری دنیا کے مالک　　راجا اور پر جا کے مالک
سب سے انوکھے سب سے نرالے　　آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے
ناؤ جگت کی کھینے والے　　دکھ میں سہارا دینے والے
جوت ہے تیری جَل اور تھَل میں　　بَاس ہے تیری پھول اور پھل میں
ہر دل میں ہے تیرا بسیرا　　تو پاس اور گھر دُور ہے تیرا
تو ہے اکیلوں کا رکھوالا　　تو ہے اندھیرے گھر کا اُجالا
بے آسوں کی آس تو ہی ہے　　جاگتے سوتے پاس تو ہی ہے
سوچ میں دل بہلانے والا　　بپتا میں یاد آنے والا
ہلتے ہیں پتّے تیرے ہلائے　　کھلتی ہیں کلیاں تیرے کھلائے

تُو ہی ڈبوئے تو ہی ترائے
تو ہی بیڑا پار لگائے

**یا**

| | | |
|---|---|---|
| | نعت کے کوئی چار اشعار : | 4 |

ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ　　رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ
حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدایوں　　وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ
شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالَم　　نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ
نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی　　مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ
کبھی کوئی سائل نہ محروم لوٹا　　تھی اتنی زیادہ عطائے محمدؐ
وہ معراج میں پہنچے عرشِ بریں تک　　تھی ایسی عجب ارتقائے محمدؐ
جو داخل ہوئے سدرۃ المنتہٰی تک　　کُھلے خُلد کے در برائے محمدؐ
زمانے میں چاروں طرف گونجتی ہے　　نِدائے محمدؐ صدائے محمدؐ

یہ حمّاد کا مختصر ہے تعارف
محمدؐ کا شیدا فِدائے محمدؐ

(نوٹ : حمد یا نعت کے کوئی چار اشعار درکار ہیں)

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | **PART-B/حصّہ -ب** | |
| | معروضی جوابات : | 12 × 1 = 12 |
| .28 | (D) مسجد | 1 |
| .29 | (B) مسندالیہ اور مسند | 1 |
| .30 | (A) زمانہ | 1 |
| .31 | (C) بے رونق ہونا | 1 |
| .32 | (C) اور | 1 |
| .33 | (A) مسکراہٹ | 1 |
| .34 | (D) تمہید، نفسِ مضمون، اختتام | 1 |
| .35 | (B) اُردو دان | 1 |
| .36 | (B) ہر، ہی، بھی، تو | 1 |
| .37 | (A) چھاؤں | 1 |
| .38 | (D) حروفِ فجائیہ | 1 |
| .39 | (C) غیر مستقل کلمہ | 1 |
| | **PART-C/حصّہ -ج** | |
| | انگریزی جملوں کا آسان اُردو زبان میں ترجمہ : | 3 × 1 = 3 |
| .40 | (i) زمین سورج کے اطراف گردش کرتی ہے۔ | 1 |
| | (ii) اونٹ ریگستان میں پائے جاتے ہیں۔ | 1 |
| | (iii) دھویں سے ہوا آلودہ ہوتی ہے۔ یا دھواں ہوا کی آلودگی کا سبب ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .41 | **دوست/سہیلی کے نام خط :** | 1 × 4 = 4 |
| | (i نام (XYZ) | |
| | (ii مقام وتاریخ | 1 |
| | (iii آداب/ القاب | 1 |
| | (iv مضمونِ خط : جنم دن کی مبارک باد | 1 |
| | (v اختتام | |
| | (vi مکتوب الیہ کا نام پتہ | 1 |
| | **یا** | |
| | **ہیڈ ماسٹر کے نام خط:** | |
| | (i منجانب/ نام : (XYZ) | |
| | (ii بخدمت : ہیڈ ماسٹر | 1 |
| | (iii عرض مدعا : دودن کی چھٹی کی درخواست | 1 |
| | (iv مضمون خط : مناسب وجہ بتلانا، چھٹی طلب کرنا | 1 |
| | (v اختتام : آپکی/ آپکا فرمابردار شاگرد | |
| | (vi مقام/ تاریخ : | 1 |
| .42 | کسی ایک عنوان پر مضمون : | 1 × 4 = 4 |
| | (i) **موبائیل فون کے فائدے :** | |
| | (a) تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے شروع کرنا۔ | 1 |
| | (b) نفس مضمون – (i) سائنس کی ایجادات میں موبائیل کو متعین کرنا | |
| | (ii) روزمرّہ زندگی میں فون کے استعمالات بیان کرنا | 2 |
| | (iii) موبائیل فون کے فوائد بیان کرنا۔ | |
| | (c) اختتام – موبائیل فون کے فوائد حاصل کرنے کے لئے انسان کو کیا احتیاط برتتی ہے۔ اس کی انفرادی رائے۔ | 1 |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) انسان کی زندگی میں علم کی اہمیت : | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول،فقرہ یا ضرب المثل یا حدیث مبارکہ سے شروع کرنا۔ | |
| 2 | (b) نفس مضمون - (i) انسان اور حیوان میں سب سے بڑا فرق علم کا ہے۔<br>(ii) علم سے دنیا و آخرت کی کامیابی<br>(iii) علم سے اخلاق،علم سے عمل<br>(iv) علم سے سماج میں اعلیٰ مقام | |
| 1 | (c) اختتام - علم کی اہمیت سے متعلق اپنی رائے دینا۔ | |
| 4 × 1 = 4 | عبارت پر مبنی سوالات کے جوابات : | |
| 1 | جانداروں کے لئے توانائی کا اہم ذریعہ غذا ہے۔ | 43. |
| 1 | نباتات اپنی غذا شعاعی ترکیب سے تیار کرتے ہیں | 44. |
| 1 | غذا کے لئے حیوانات نباتات پر منحصر ہوتے ہیں | 45. |
| 1 | زندگی کے افعال کو انجام دینے کے لئے جانداروں کو غذا کی ضرورت پڑتی ہے۔ | 46. |